15 فروری 2021ء

جنوری 2021ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کی پریس ریلیز

- کارکنوں کی ترسیلات زر مسلسل آٹھویں مہینے میں 2 ارب امریکی ڈالر سے زائد رہیں اور جنوری 2021ء میں ان کی مالیت 2.3 ارب ڈالر رہی جو کہ جنوری 2020ء کے مقابلے میں 19 فیصد زیادہ ہے۔ تاہم ترسیلات زر دسمبر 2020ء میں موصول شدہ 2.4 ارب ڈالر کے مقابلے میں کچھ کم ہیں۔

- مجموعی طور پر کارکنوں کی ترسیلات زر جولائی تا جنوری مالی سال 21ء میں 16.5 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو گذشتہ برس کی اسی مدت کے مقابلے میں 24 فیصد اضافے کو ظاہر کرتا ہے۔

- جولائی تا جنوری مالی سال 21ء میں کارکنوں کی ترسیلات زر کا بڑا حصہ سعودی عرب (4.5 ارب ڈالر)، متحدہ عرب امارات (3.4 ارب ڈالر)، برطانیہ (2.2 ارب ڈالر) اور امریکہ (1.4 ارب ڈالر) سے موصول ہوا۔

- کارکنوں کی ترسیلات زر میں متواتر اضافے سے بڑی حد تک بینکاری ذرائع کے بڑھتے ہوئے استعمال کی عکاسی ہوتی ہے، جسے باضابطہ ذرائع سے رقوم کی آمد کو فروغ دینے کے سلسلے میں حکومت اور اسٹیٹ بینک کی مسلسل کوششوں، کووڈ 19 کی دوسری لہر کے سبب محدود سرحد پار سفر اور شرح مبادلہ کے لچکدار نظام سے منسوب کیا گیا ہے۔

******